Fairfax County Government HIPAA Compliance Program
(حکومت فیئر فیکس کاؤنٹی کا HIPAA منصوبہء تعمیل)

Notice of Privacy Practices
(اطلاع اصول راز داری)

جولائی2005

خلاصہ

Fairfax County (فیئر فیکس کاؤنٹی) یہ سمجھتی ہے کہ آپ کی راز داری اہم ہے۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کی ایجنسیاں ہمارے کمیونٹی کلینکوں، معالجاتی پروگراموں، منصوبہء صحت کے اشتراکات میں سے کسی میں یا کسی ہنگامی طبی صورتِ حال کے دوران آپ کو براہ راست نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کر سکتی ہیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کے لیے یہ از روئے قانون لازم ہے کہ وہ صحت سے متعلق بعض خفیہ معلومات، جسے محفوظ معلومات صحت (PHI) کہتے ہیں، کی راز داری کو برقرار رکھے اور آپ کی PHI کے معاملے میں ہمارے قانونی فرائض اور اصول راز داری کی اطلاع فراہم کرے۔ یہ اطلاع نامہ Health Insurance Portability and Accountability Act (HIPAA) (قانون منتقلی و ذمہ داریٔ صحت بیمہ) کے تحت آپ کے حقوق کی وضاحت بھی کرتا ہے۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کے لیے ضروری ہے وہ اس اطلاع نامے کی ان شرائط کی تعمیل کرے جو اس وقت نافذ العمل ہیں۔

آپ کی محفوظ شدہ معلومات میں آپ کی شناخت کرنے والی آبادیاتی معلومات، جائزاتی معلومات، جانچ کے نتائج، تشخیصی معلومات، علاج کی معلومات اور ہم سے ہر بار خدمات حاصل کرنے پر فراہم کنندہ کی طرف سے پیش کردہ بل سے متعلق معلومات شامل ہیں۔ ہمارا عملہ، نگہداشت صحت کے فراہم کار اور ٹھیکے پر رکھے گئے شرکاء کار پر آپ کی محفوظ شدہ معلومات صحت کا تحفظ کرنے والے سخت ترین قانون کی تعمیل کرتے ہوئے وفاقی یا ریاستی قانون اور ایجنسی کی پالیسی کی اجازت کے مطابق صرف اسی معلومات کی دیکھ بھال کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ بیشتر حالات میں ہم آپ کی اجازت کے بغیر اس اطلاع نامے میں دی گئی وضاحت کے مطابق اس معلومات کو کام میں لا سکتے ہیں، لیکن بعض حالات میں ہم آپ کا تحریری اجازت نامہ حاصل کرنے پر ہی اسے استعمال کر سکتے ہیں بشرطیکہ ہمارے لیے ایسا کرنا قانوناً ضروری ہو۔

تاریخ نفاذ: 14اپریل، 2003 (April 14, 2003)
تجدید شدہ : 1جولائی، 2005 (July 1, 2005)

اس اطلاع نامے میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ کس طرح آپ کے بارے میں طبی معلومات استعمال کی جا سکتی ہے اور اس کا انکشاف کیا جا سکتا ہے اور یہ کہ آپ اس معلومات تک رسائی کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔ براہ کرم غور سے اس کا جائزہ لیں۔

Notice of Privacy Practices (نوٹس آف پرائیبیسی پریکٹس) میں یہ بتایا گیا ہے کہ Fairfax County (فیئر فیکس کاؤنٹی) علاج، ادائیگی یا نگہداشت صحت سے متعلق امور انجام دینے اور ریاستی یا وفاقی قانون کی طرف سے منظور شدہ یا مطلوب دیگر مقاصد کی تکمیل کے آپ کی محفوظ شدہ معلوماتِ صحت کو کیسے استعمال کر سکتی اور اس کا انکشاف کر سکتی ہے۔ اس میں آپ کی محفوظ شدہ معلومات صحت تک رسائی پانے اور اس پر کنٹرول رکھنے کے آپ کے حقوق بھی بیان کیے گئے ہیں۔ محفوظ شدہ معلومات صحت زبانی، تحریری یا الکٹرونک طور پر ریکارڈ کی گئی معلومات ہوتی ہیں جن کا تعلق آپ کی گزشتہ، موجودہ یا آئندہ جسمانی یا دماغی صحت یا کیفیت اور متعلقہ نگہداشت صحت کی خدمات سے ہے، جس میں آپ کی نشاندہی کر سکنے والی ولادتی تفصیلات شامل ہیں۔

آپ کی معلومات کا استعمال اور انکشاف

Fairfax County (فیئر فیکس کاؤنٹی) علاج، ادائیگی اور نگہداشت صحت کے امور کی انجام دہی کے مقاصد سے آپ کی محفوظ شدہ معلومات صحت (PHI) کو استعمال کر سکتا ہے۔ اگرچہ ان محدود مقاصد کے لیے ہمیشہ آپ کی اجازت ضروری نہیں ہوتی، بیشتر حالات میں ہمیں آپ سے ایک رضامندی فارم پر دستخط کرانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایجنسی کے رضامندی فارم سے ہمیں علاج اور خدمات فراہم کرنے، فراہم کردہ علاج اور خدمات کی اجرت وصول کرنے اور ہمارے روز مرہ کے نگہداشت صحت کے امور کی انجام دہی کے لیے ایجنسی کے اندر اور کاروباری شرکاء کے ساتھ آپ سے متعلق ضروری معلومات کو استعمال کرنے اور ان کا انکشاف کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ کی PHI کے ہماری طرف سے استعمال کیے جانے کی مثالوں میں شامل ہیں:

<u>علاج کے لیے:</u> اگر آپ Health Department (محکمہء صحت) کی خدمات کے استفادہ کنندہ یعنی مؤکل ہیں تو آپ کی پبلک ہیلتھ نرس (صحت عامہ کی دایا) ان مختلف امور میں تعاون کرنے کے لیے جن کی ضرورت آپ کو پڑ سکتی ہو مثلاً تجربہ گاہ میں کوئی آزمائشی کام یا دواؤں کے نسخے، آپ سے متعلق معلومات میں اشتراک کر سکتی ہے۔ اگر آپ Community Services Board (CSB) استعمال کرتے ہیں تو آپ کا بنیادی صحت کا معالج یا کیس منیجر CSB کے اندر مختلف فراہم کاران خدمت سے مشورہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ Fire and Rescue Department (محکمہء انسداد آتشزدگی و پناہ) کے مریض ہیں تو آپ کا ہنگامی طبی فراہم کار آپ کی نگہداشت کا تبادلہ کرتے وقت اضافی علاج کا اختیار دینے کے لیے طبی کنٹرول کے افراد یا دیگر فراہم کاران کے ساتھ آپ کی کیفیت سے متعلق معلومات میں اشتراک کر سکتا ہے۔ علاج کی ان مثالوں اور دیگر مثالوں کے دوران آپ سے متعلق معلومات صحت میں زبانی یا تحریری طور پر اشتراک کیا جا سکتا ہے۔

<u>ادائیگی کے لیے:</u> اس میں ایسی کوئی بھی سرگرمی شامل ہے جو ہمیں ان خدمات کے عوض باز ادائیگی کے مقصد سے لازماً انجام دینی چاہیے جو ہم آپ کو فراہم کرتے ہیں۔ اس طرح کی ادائیگی کی سرگرمیوں میں درست بلنگ کی معلومات کے لیے آپ کی PHI کا جائزہ، طبی ضرورت کے فیصلے اور مطالبات یا دعووں کے انتظامات شامل ہیں۔ ادائیگیاں وصول کرنے کے لیے ہم کسی کمپنی کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں جو آپ کی خدمات کا بل تیار کرے گی یا ادائیگی کے احاطے کی ذمہ دار کمپنیوں کو آپ کی معلومات براہ راست ارسال کرےگی۔ اگر آپ نے ادائیگی کے مقاصد سے مالی طور پر ذمہ دار کسی شخص کی نشاندہی کر لی ہے تو اس شخص کو ماہانہ بل ارسال کیا جا سکتا ہے۔

<u>نگہداشت صحت کے امور کی انجام دہی کے لیے:</u> اس میں معیار کی یقین دہانی کی سرگرمیاں، قبولیت، لائسنس یافتگی اور ٹریننگ پروگرام شامل ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارا عملہ نگہداشت کے اس معیار پر پورا اترتا ہے جو ان کے پیشے کے لیے مطلوب ہے۔ تربیت یافتہ عملے کے افراد خدمات کے لیے اہلیت کی تصدیق، کاغذات کی فائلنگ یا نگہداشت صحت کے فراہم کار کے لیے آپ کے ریکارڈ کو یکجا کرنے کی غرض سے آپ کی صحت کے ریکارڈ کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں۔ ملاقات کے وقت کی یاد دہانی کرنے یا فیئر فیکس کاؤنٹی کے توسط سے دستیاب اضافی خدمات حاصل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کیا جا سکتا

ہے۔ کامن ویلتھ آف ورجینیا کو مطلوب رپورٹیں مرتب کرنے کے لیے ہمارے کمپوٹر نظام میں معلومات کے بعض اجزاء داخل کیے جاتے ہیں۔

آپ کی نگہداشت میں شامل افراد یا اس نگہداشت کی اجرت: ہم آپ سے متعلق طبی معلومات خاندان کے کسی فرد، دیگر رشتے دار یا دوست کو دے سکتے ہیں جو آپ کی نگہداشت میں یا نگہداشت کی اجرت کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہو بشرطیکہ ایسا کرنے کے لیے ہم آپ سے زبانی اجازت حاصل کر لیں یا اگر ہم اس انکشاف پر اعتراض کرنے کا آپ کو کوئی موقع دیں اور آپ کوئی اعتراض اس پر نہ کریں۔ ان حالات میں جہاں آپ اعتراض کرنے کے قابل نہ ہوں (کیونکہ آپ موجود نہیں ہیں یا آپ ایسا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے یا آپ کو کسی طبی ہنگامی صورت حال کا سامنا ہے) تو اپنے پیشہ ورانہ رائے میں ہم یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ خاندان کے کسی فرد، رشتے دار یا دوست کو آپ کی کیفیت کے بارے میں بتایا جانا آپ کے بہترین مفاد میں ہوگا۔ ایسی صورت حال میں، ہم صرف اس معلومات صحت کا انکشاف کریں گے جس کا تعلق آپ کی نگہداشت میں اس شخص کی شمولیت یا نگہداشت کی اجرت سے ہو۔

آپ کی اجازت کے بغیر آپ کی PHI کا انکشاف: بعض حالات میں، فیئر فیکس کاؤنٹی کی ایجنسیوں کو وفاقی اور ریاستی قانون کی طرف سے اس کی اجازت ہے کہ وہ آپ کی تحریری اجازت یا زبانی طور پر اعتراض کا موقعہ آپ کو دیے بغیر آپ سے متعلق مخصوص معلومات صحت کا انکشاف کریں۔ ان حالات میں مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے کیے جانے والے انکشافات شامل ہیں:

- قانونی لازمی مطالبات (مثلاً بچوں یا بے سہارا بالغ افراد کے بارے میں اطلاع دینا جو بد سلوکی، بے توجہی، یا استحصال کا شکار رہوں؛ بندوقوں اور خطرناک ہتھیاروں سے لگنے والی چوٹوں کی اطلاع دینا)
- صحت عامہ کے مقاصد کے لیے (مثلاً پیدائش، موت، بعض چھوت کی بیماریوں کی رپورٹ دینا، Food and Drug Administration (انتظامیہ غذا و دوا) کے ضابطے کے تحت آنے والی مصنوعات کے نقائص کی اطلاع دینا؛ مقام کار کی طبی نگرانی)
- ناظرین صحت اور ان دیگر سرکاری ملازمین کی نگرانی سے متعلق سرگرمیاں جو ہمارے مطبوں اور خدمات صحت کی نگرانی کرتے ہیں (مثلاً حسابات کی جانچ یا آڈٹ، تفتیشات، معائنے اور نگہداشت صحت کے نظام سے مطلوب دیگر سرگرمیاں؛ سرکاری مراعاتی پروگرام کے لیے اہلیت؛ اور شہری حقوق کے قوانین کی تعمیل)
- عدالتی اور انتظامی کارروائیاں (مثلاً عدالت سے جاری ہونے والے کسی حکم نامے، سمن، اس ایجنسی کے قانونی صلاح کار یا انسپکٹر جنرل کے جواب میں)
- نفاذ قانون کے مقاصد سے (مثلاً کسی ملزم، بھگوڑے، اہم گواہی یا گم شدہ شخص سے متعلق طلب کی گئی محدود معلومات؛ کاؤنٹی کی حدود میں مجرمانہ عمل کا ثبوت پیش کرنے کے لیے؛ ہنگامی نگہداشت صحت کی صورت حال کے لیے جب اس طرح کی نگہداشت کا تعلق کسی جرم کے ارتکاب سے ہو؛ یا اگر آپ کسی جرم سے غیر شعوری طور پر متاثر ہوں اور فراہم کار یہ طے کرے کہ بر وقت قفل بندی آپ کے بہترین مفاد میں ہے)
- کسی دوسرے شخص یا عوام الناس کی صحت و حفاظت کے لیے کسی سنگین خطرے کو ٹالنا (مثلاً، کسی مخصوص دھمکی کے جواب میں جو کسی شخص نے دوسرے کو نقصان پہنچانے کے مقصد سے دی ہو)
- مخصوص سرکاری تقریبات (مثلاً، قومی حفاظتی اور سراغ رسانی کی سرگرمیوں کے لیے فوجی کمانڈ کے ذمہ داران کی طرف سے جیسی ہدایت دی گئی ہو)
- اصلاحی سہولت گاہیں (مثلاً، وہ حراستی صورت حال جس میں اصلاحی سہولت گاہوں میں مقیم افراد کی نگہداشت صحت یا دوسروں کی صحت اور حفاظت کا مسئلہ ہو)
- ملازمین کے معاوضے کے مقصد سے (مثلاً، انتظامیہ کو ان فوائد سے متعلق آسانی فراہم کرنا جس کی اجازت قانون نے دی ہو)

- موت کا تفتیش کار یا طبی معائنہ کار (مثلاً، کسی متوفی شخص کی شناخت یا موت کے سبب کے تعین کے لیے)
- Federal Department of Health and Human Services (وفاقی محکمہء صحت و انسانی خدمات) (مثلاً فیئر فیکس کاؤنٹی کی ایجنسیوں کی طرف سے وفاقی ضوابط کی تعمیل سے متعلق تفتیشات)

آپ کی PHI کا استعمال اور انکشاف جس کے لیے آپ کے اجازت نامے کی ضرورت ہو: علاج، خدمات، ادائیگی، نگہداشت صحت کے امور کی انجام دہی اور سابقاً بیان کردہ مخصوص حالات کو چھوڑ کر کسی دیگر سبب سے ہمیں آپ کی محفوظ شدہ صحتی معلومات کے استعمال اور انکشاف کے لیے آپ کی اجازت لینے کی ضرورت ہوگی۔ دیگر تمام انکشافات کے لیے، ایک فارم بھرنا ضروری ہوگا جس میں وضاحت کے ساتھ یہ بیان کیا جائے گا کہ کون سی معلومات کس کو دی جائے گی اور اس کا مقصد کیا ہے اور اس پر آپ کے یا آپ کے قانونی نمائندے کے دستخط ہوں گے۔ آپ ہمیں کسی بھی وقت لکھ کر دستخط شدہ اجازت نامے کو واپس لینے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ ہم ایسے کسی انکشاف معلومات کو منسوخ نہیں کر سکیں گے جو ہم نے آپ کے اجازت آپ کے واپس لینے سے پہلے کیا ہو۔

معلومات صحت سے متعلق آپ کے حقوق

Fairfax County کی ایجنسیوں سے خدمات نگہداشت صحت حاصل کرتے ہوئے آپ نے Health Insurance Portability and Accountability Act (45 C.F.R حصے 160 اور 164) کے تحت حقوق راز داری کی وضاحت وفاقی طور پر کر دی ہے، دیگر وفاقی اور ریاستی قوانین راز داری آپ کی معلومات صحت کے انکشاف کو محدود کرتے ہیں۔ ان قوانین میں Confidentiality of Alcohol and Drug Abuse Patient Records (42 USC 290dd) (شراب نوشی اور منشیات کو چھوڑ نے والے افراد کے ریکارڈ کی راز داری) (42 USC 290dd) ، Health Records Privacy (صحت کے ریکارڈز کی راز داری) (VA Code 32.1-127.1:03) اور Human Rights Regulations (VA Code 35-115) (ضوابط حقوق انسانی) (VA Code 35-115) شامل ہیں لیکن جو انہی تک محدود نہیں ہیں۔

آپ کو اپنے طبی ریکارڈوں کے معائنے یا ان کی نقول حاصل کرنے کا حق ہے: اس عمل کو خفیہ رکھا جائے گا۔ یہ حق حتمی نہیں ہے۔ بعض حالات میں، مثلاً اگر ریکارڈز تک رسائی میں کسی نقصان کا خطرہ ہو تو ہم ان تک آپ کو رسائی دینے سے انکار کر سکتے ہیں۔ آپ یہ درخواست ایجنسی کے رابطے کو تحریری طور پر دے سکتے ہیں۔ اگر رسائی دینے سے انکار کر دیا گیا ہو تو آپ کو اس فیصلے اور اس کے سبب کی بر وقت تحریری اطلاع دی جائے گی۔ آپ کی درخواست کی نقل اور ہمارا تحریری جواب آپ کے ریکارڈ کا ایک حصہ بن جائیں گے۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کے ریکارڈ میں موجود معلومات غیر درست یا نا مکمل ہے تو آپ اپنے طبی ریکارڈ میں ترمیم کی درخواست کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ کو یہ درخواست تحریری طور پر ایجنسی کے رابطے کو دینی چاہیے۔ ہم آپ کو رسائی دینے سے انکار کر سکتے ہیں۔ لیکن آپ کو اس انکار کی وجہ تحریری طور پر بتائی جا سکتی ہے۔

آپ فیئر فیکس کاؤنٹی کی طرف سے اپنی محفوظ شدہ معلومات کے ان انکشافات کا حساب طلب کرنے کا حق رکھتے ہیں جو علاج، ادائیگی، نگہداشت صحت کے امور کی انجای دہی کے مقصد سے نہ کیے گئے ہوں یا جن کی اجازت آپ نے نہ دی ہو۔ آپ کو اس کا حق بھی حاصل ہے کہ آپ کو ایجنسی کے ملازمین کے علاوہ دیگر افراد کے نام بتائے جائیں جنھوں نے آپ سے متعلق فیئر فیکس کاؤنٹی سے معلومات حاصل کی ہیں۔

آپ کو اپنی محفوظ شدہ معلومات کے استعمال یا انکشاف سے متعلق پابندی لگانے کی درخواست کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ اس درخواست پر ایجنسی کی طرف سے غور کیا جائے گا اور اگر ایجنسی مطلوبہ پابندی کو منظور کر سکتی ہے اور اب بھی مؤثر خدمات پیش کر سکتی، ادائیگیاں وصول کر سکتی اور نگہداشت صحت کے امور کو برابر انجام دے سکتی ہے تو وہ آپ کو اطلاع دے گی۔ قانوناً ہمارے لیے ضروری نہیں ہے کہ آپ کی طرف سے درخواست کی جانے والی کسی پابندی سے اتفاق کریں، لیکن اگر ہم اتفاق کر لیتے ہیں تو ہم بعض مخصوص ہنگامی حالات کو چھوڑ کر اس اتفاق کے پابند ہوں گے۔

آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ ہم طبی معاملات میں مخصوص طریقے سے یا مخصوص جگہ پر اطلاع دیتے رہیں۔ اس طرح کی درخواستیں تحریری طور پر ایجنسی کے رابطے سے کی جانی چاہیے۔ ہم تمام معقول درخواستوں سے اتفاق کریں گے۔

آپ کسی بھی وقت درخواست کر کے اس نوٹس آف پرائیویسی پریکٹسز کی کاغذی نقل حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

آپ ان حقوق کا استعمال ایجنسی کے متعلقہ رابطہ کار یا اس کے نگراں کو تحریری درخواست دے کر کر سکتے ہیں جیساکہ ذیل میں بتایا گیا ہے:

- Community Services Board (کمیونٹی سروسز بورڈ) - اپنے بنیادی معالج/ کیس منیجر سے رابطہ کریں
- Fire and Rescue Department (فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ) - پرائیویسی آفیسز (افسر راز داری) سے رابطہ کریں
- Health Department (محکمہء صحت) - کلینک آفس کے منیجر سے رابطہ کریں
- Office of Partnerships (آفس آف پارٹنر شپس) - میڈیکل کیئر کوآرڈی نیٹر (طبی نگہداشت کے تعاون کار) سے رابطہ کریں

پرائیویسی پریکٹسز میں تبدیلیاں

Fairfax County راز داری سے متعلق اپنی پالیسی اور راز داری کے اصولوں میں وفاقی اور ریاستی قانون کی اجازت کی رو سے کسی بھی وقت تبدیلی لانے اور ہماری زیر نگہداشت تمام محفوظ شدہ صحتی معلومات پر اس تبدیلی کے اطلاق کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

تجدید شدہ Notice of Privacy Practices (نوٹس آف پرائیویسی پریکٹسز) ہمارے خدمت کے علاقوں اور ہماری ویب سائٹ، www.fairfaxcounty.gov/hipaa کو ارسال کی جائے گی۔ اس کی نقل کلینک کے استقبال کار یا ایجنسی کے پرائیویسی آفیسر سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

معلومات اور شکایات

اگر آپ کو کوئی سوال کرنا ہو تو براہ کرم ہمارے ایجنسی پرائیویسی آفیسرز میں سے کسی سے رابطہ کریں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی میں HIPAA کی تعمیل سے متعلق اضافی معلومات ہمارے HIPAA Compliance Manager (منیجر برائے تعمیلHIPAA) سے رابطہ کرکے حاصل کی جا

سکتی ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ آپ کے HIPAA کے مریض کے حقوق کی پامالی ہوئی ہے تو جیسا کہ ذیل میں نشاندہی کی گئی ہے، آپ ایجنسی پرائیویسی آفیسر، کاؤنٹی یا وفاقی حکومت میں شکایت درج کراسکتے ہیں۔ آپ کو خدمت میں کسی تبدیلی سے کوئی نقصان نہیں ہوگا اور نہ ہی شکایت کرنے کی وجہ سے آپ کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کی جائے گی۔

آفیسر برائے رازداریٔ امور Fairfax-Falls Church Community Services Board
703-324-7020, TTY 703-802-3015

آفیسر برائے رازداریٔ امور Fire and Rescue Department
703-246-3990, TTY 711

آفیسر برائے رازداریٔ امور Health Department
703-246-2477, TTY 711

آفیسر برائے رازداریٔ امور Office of Partnerships
703-324-5171, TTY 711

آفیسر برائے تعمیلFairfax County's HIPAA
12000 Government Center Parkway
Suite 527
Fairfax, VA 22035
703-324-4136, TTY 703-968-0217
www.fairfaxcounty.gov/hipaa

(دفتر شہری قانون) Office for Civil Rights
Department of Health and Human Services
150 S. Independence Mall West
Suite 372
Philadelphia, PA 19106-3499
215-861-4441, TTY 215-861-4440
1-800-368-1019 (toll free)
www.hhs.gov/ocr/hipaa

Fairfax County تمام پروگراموں، خدمات اور سرگرمیوں میں عدم امتیاز کی پالیسی پر کار بند ہے اور درخواست کی جانے پر معقول جائے اقامت کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ اس معلومات کو کسی مختلف شکل میں حاصل کرنے کے لیے براہ کرم 703-324-4136, TTY 703-968-0217 پر فون کریں یا ویب سائٹ www.fairfaxcounty.gov/hipaa/npp.asp. دیکھیں۔